سبحانہ مااعظم شانہ

ایک نافع وجامع دستورالعمل

مجوزہ: حکیم الامت مجددالملت حضرت مولانااشرف علی صاحب تھانویؒ

﴿وقُل لِعبادی یقولوا التی ھی أحسن﴾

اَزخود نہ کسی سے آویزش کی ضرورت نہ آمیزش کی ضرورت۔ رضائے حق کومطمح نظر رکھ کر جائز کام میں لگے رہیں اور اس رضا کی شرط یہ ہے کہ ہرکام میں اس کا پورالحاظ رکھیں کہ کوئی کام ناجائز نہ ہونے پائے، یہی عبدیت (بندگی) کی روح اورحیاتِ مسلم کی اَصل الاصول ہےاوراس استقلال واستقامت کے ساتھ ہی دعاوگریہ وزاری کواپنااصل وظیفہ وتدبیر سمجھیں اورپھرنصرتِ حق کے منتظررہیں۔!

ایک نافع وصیت:

فضول گفتگواورآپس میں بحث ومباحثہ چھوڑدیناچاہیے، بس صحیح کام کرناچاہیے؛ کیوں کہ راہِ حق میں صحیح کام ہی کارآمد ہے۔!

دودُعائیں:

۱۔ أَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقّاًوَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَالْبَاطِلَ بَاطِلاًوَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ

۲۔ أَللّٰھُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنَا مِنْھُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّلَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ

ہرنماز کے بعد یہ دعائیں بھی وِردرکھنے کے قابل ہیں۔!

اللہ تعالیٰ فہم سلیم، علم صحیح اورعمل مقبول نصیب فرمائیں، یہی دنیامیں ہدایت اورآخرت میں نجات کاذریعہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ناشر

افاضاتِ اشرفیہ سہارن پور